کهتے هے بُرهانِ هدٰی ماتم کرو حسین کا

کهتے هے بُرهانِ هدٰی ماتم کرو حسین کا
مؤمنو حق کري اداء ماتم کرو حسین کا

نام لے کے دیکھ لو حسین اٰئیگا تمهارے دل کو چین
غم نہ کوئي پاس اٰئیگا ماتم کرو حسین کا

پیاس یاد شاه کي کرو دن هو رات ماتم کرو
هے یهیں تو مرضيِ خدا ماتم کرو حسین کا

گھر علي کے لال کا لُٹا کربلا یہ تونے کیا کِیا
سر کو پیٹتي هے فاطمة ماتم کرو حسین کا

بازوئے شاه کٹ گئے بھائي عبّاس نہ رهے
مشك بھرنے والا نہ رها ماتم کرو حسین کا

نو جوان اٹھاره سال کا سینے سے لهو روان روان
کاندھے په جو باپ کے اُٹھا ماتم کرو حسین کا

کب کهيں هوا هے اُس طرح رن ميں اصغر په جو هوا
تير مَعصُوم کو لگا ماتم کرو حسين کا

خنجرے لعين چل گيا آسمان لهو سے ڈهل گيا
کٹ گيا حسين کا گلا ماتم کرو حسين کا

بهائي کو وداع نه کرسکي لاش کو کفن نه دے سکي
روکے زينب نے کها ماتم کرو حسين کا

هے هماري رب سے اِلتجاء هو هماري جان بهي فِداء
جب کهے بُرهانِ الهدیٰ ماتم کرو حسين کا

هے بُرهان دين کي دُعاء مؤمنين خوش رهے سدا
غم نه هو حسين کے سِویٰ ماتم کرو حسين کا